**03.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

**Music**

.....................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے یقین دلایا ہے کہ حکومت زرعی شعبے کو اصلاحات کے ذریعے استحکام عطا کر رہی ہے جن کا مقصد کسانوں کی زندگی کو بہتر بنانا ہے۔

☆ حکومت نے سرکاری سیکٹر کی بیمہ کمپنیوں کو حکم دیا ہے کہ وہ کیرالہ میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات کے متاثرین کے Claim کو جلد از جلد نمٹائیں۔

☆ ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ کے بارش سے متاثرہ علاقوں میں راحت اور بچاؤ کی کارروائی پورے زور وشور سے جاری ہے۔

☆ صومالیہ کی راجدھانی موغادیشو میں ایک ہوٹل میں ہوئے خودکش بم حملے اور گولیوں سے کئے گئے حملے میں کم از کم 35 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔

☆ اور پیرس اولمپک میں، بھارت کے مکّے باز نشانت دیو کا مقابلہ آج رات مردوں کے 71 کلو گرام کے زمرے کے کوارٹر فائنل میں میکسکو کے مارکو سے ہوگا۔

.....................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***PM Agri Economist***

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت غذائی اشیا کے اضافی ذخائر کا حامل ایک ملک ہے اور وہ عالمگیر سطح پر غذا کی یقینی فراہمی اور تغذیے کی یقینی فراہمی کے مسئلے کیلئے حل مہیا کرانے کے کام میں لگا ہے۔ انھوں نے یقین دلایا کہ حکومت زرعی سیکٹر کو استحکام عطا کر رہی ہے اور اِس میں ایسی اصلاحات اور اقدامات کئے جارہے ہیں جن کا مقصد کسانوں کی زندگی کو بہتر بنانا ہے۔ وہ نئی دلّی میں آج زرعی ماہرین اقتصادیات کی 32ویں بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب مودی نے کہا کہ زراعت حکومت کی اقتصادی پالیسی کا مرکز ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، موٹے اناج، دودھ، دالوں اور مسالوں کی سب سے زیادہ پیداوار کرنے والا ملک ہے۔

S/B 2100 PM Food Surplus

وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کیمیکل سے پاک قدرتی کاشتکاری کو فروغ دے رہا ہے۔انھوں نے کہا کہ مرکزی بجٹ 2024-25 میں پائیدار زراعت پر بڑی توجہ کی گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت زرعی شعبے میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا استعمال کر رہا ہے اور پی ایم کسان سمّان نِدھی کے تحت صرف ایک کلک کے ذریعے دس کروڑ کسانوں کے بینک کھاتوں میں فنڈس منتقل کئے جارہے ہیں۔

S/B 2100 PM Digital Farming

اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت کی زرعی شرح ترقی لگاتار دنیا میں سب سے زیادہ رہی ہے۔

اِس برس کی کانفرنس کا موضوع ہے ''پائیدار زرعی غذائی نظام کی جانب سفر میں یکسر تبدیلی''۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ تقریباً 75 ممالک سے ایک ہزار مندوبین زرعی ماہرین اقتصادیات کی بین الاقوامی کانفرنس میں حصہ لے رہے ہیں۔x

## Govt Insurance Company

حکومت نے سرکاری سیکٹر کی بیمہ کمپنیوں کو حکم دیا ہے کہ وہ کیرالہ میں مٹی کے تودے کھسکنے کے سانحے کے متاثرین کی ہر ممکن مدد کریں تاکہ بیمہ کے دعووں پر تیزی کے ساتھ کارروائی اور رقوم کی ادائیگی کی جاسکے۔ مرکزی وزارت خزانہ نے کہا کہ لائف انشورنش کارپوریشن LIC سے کہا گیا ہے کہ وہ PM Jeevan جیوتی بیمہ یوجنا کے تحت بیمہ پالیسی کے حامل افراد کو دعووں کی رقم کو تیزی سے تقسیم کرے۔ وزارت نے کہا کہ دعووں سے متعلق کارروائی کیلئے درکار دستاویزات میں جامع طور پر نرمی کی گئی ہے تاکہ دعوے کی رقم کی تیزی سے ادائیگی کو یقینی بنایا جاسکے۔ بیمہ کمپنیوں نے مختلف وسیلوں سے اپنے پالیسی ہولڈرس تک پہنچنے کیلئے کوششیں شروع کر دی ہیں تاکہ وائناڈ، Palakkad، کوزی کوڈ، ملاّ پورم اور تھریسور ضلعوں میں مدد کیلئے رابطے کی تفصیلات فراہم کی جاسکے جہاں کافی تعداد میں بیمہ سے متعلق دعوے کیے جا رہے ہیں۔ x

## Kerala Wayanad

زمین کھسکنے کے واقعات سے متاثرہ وائناڑ میں لاشوں کی تلاش کی کارروائی میں آج 16 مزید جسد خاکی ملے ہیں۔ آج دن بھر کی تلاشی کی کارروائی روک دی گئی اور کل صبح پھر تلاشی کا کام شروع ہوگا۔

ادھر وزیر اعلیٰ پنارائے وجین نے آج کہا ہے کہ زندہ بچ جانے والے افراد کی محفوظ مقام پر بازآبادکاری کی جائے گی اور ان کیلئے ایک نیا قصبہ تعمیر کیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ جلد ہی بازآبادکاری کا ایک پیکیج بھی تیار کیا جائے گا۔ خطے میں دس ہزار سے زیادہ افراد مختلف کیمپوں میں رہ رہے ہیں۔ ملاپورم ضلع کے نیلمبور علاقے میں چلیار دریا سے 67 لاشیں برآمد کی گئی ہیں، جن کی شناخت ممکن نہیں ہے۔ ان کے DNA جانچ کے نمونے لینے کے بعد مقامی پنچایتیں آن کی آخری رسومات ادا کریں گی۔x

## HP Rescue Operation

ہماچل پردیش میں بادل پھٹنے کے تین واقعات میں لاپتہ 46 افراد کی تلاش اب بھی جاری ہے۔ قدرتی آفات کے بندوبست کرنے والی تنظیم سے حاصل تازہ اعداد وشمار کے مطابق شملہ ضلع کے Samej سے 33 افراد لاپتہ ہیں اور اُن میں سے کسی کا اب تک پتہ نہیں چل پایا ہے۔ تلاشی کی کارروائی میں شامل NDRF کی ٹیم نے زندگی کا پتہ لگانے والے آلات کا استعمال کرنا شروع کردیا ہے اور وہ سونگ کر پتہ لگانے والے کتوں کا بھی استعمال کر رہی ہے تاکہ لاپتہ افراد کے بارے میں معلومات مل سکے۔

نائب کمشنر انوپم کشیپ نے بتایا کہ متاثرہ Samej علاقے میں جاری تلاشی کی کارروائی میں 301 اہلکار شامل ہیں۔منڈی ضلع کے Padhar خطے کے Terang گاؤں میں آج تیسرے دن بھی لاپتہ افراد کی تلاش جاری ہے۔ اِس کے علاوہ کُلو سے 9 افراد لاپتہ ہیں۔ ایڈیشنل چیف سکریٹری اومکار شرما نے آج بتایا کہ ریاست میں اِس مانسون کے دوران تقریباً 655 کروڑ روپئے کا نقصان ہوا ہے۔ Samej، کُلو، منڈی اور شملہ میں تلاشی کی کارروائی پورے زور وشور سے جاری ہے۔ فوج، NDRF، SDRF اور مقامی انتظامیہ سمیت 400 اہلکار تلاشی کی کارروائی میں شامل ہیں۔x

## Uttarakhand Disaster

اتراکھنڈ کے قدرتی آفات سے متاثرہ علاقوں میں راحت اور بچاؤ کی کارروائیاں جاری ہیں۔ آج دہرہ دون میں منعقدہ اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ میں وزیر اعلیٰ پُشکر دھامی نے حکومت کے سینئر عہدیداران کو راحت اور بچاؤ کی کارروائی میں تیزی لانے کی ہدایت دی۔ وزیر اعلیٰ نے گاڑیوں کی آمد و رفت کو جلد از جلد بحال کرنے کیلئے کیدارناتھ فٹ پاتھ پر تباہ شدہ مقامات کی فوری مرمت کرنے کیلئے کہا۔

آج نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ یاتریوں کی حفاظت، سرکار کی اولین ترجیح ہے۔ انھوں نے کہا کہ قدرتی آفات سے ٹوٹی ہوئی سڑکوں اور نقصان شدہ عمارتوں کی مرمت کا کام تیزی کے ساتھ کیا جا رہا ہے۔

S/B: Pushkar Singh Dhami-CM Uttra

اسی دوران رُدرپریاگ ضلع کے کیدار گھاٹی میں شدید بارش کے سبب متعدد مقامات پر پھنسے ہوئے یاتریوں اور مقامی باشندوں کو بحفاظت نکالنے کیلئے راحت اور بچاؤ کی کارروائی آج تیسرے دن بھی جاری رہی۔ x

## J&K ECI

بھارت کے انتخابی کمیشن کی اعلیٰ سطح کی ایک ٹیم آٹھ اگست سے جموں وکشمیر کے تین روزہ دورے پر یہاں پہنچ رہی ہے تاکہ مرکز کے زیر انتظام علاقے میں اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لے سکے۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار اور انتخابی کمشنر گیانیش کمار اور ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سندھو پر مشتمل مکمل کمیشن آٹھ اگست سے جموں وکشمیر کا دورہ کرے گا۔ یہ کمیشن انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے سیاسی پارٹیوں اور

افسران کے ساتھ میٹنگیں کرے گا۔ اس کے علاوہ انتخابات کے سلسلے میں سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے پولیس کے ساتھ بھی بات چیت کی جائے گی۔

انتخابی کمیشن نے جموں وکشمیر کے اپنے دورے کا اعلان جموں وکشمیر حکومت کو دی گئی اپنی اِس ہدایت کے دو دن بعد کیا ہے کہ وہ اپنے آبائی ضلعوں میں خدمات انجام دے رہے افسروں کا تبادلہ کردے اور اُن افسران کا بھی جو پچھلے چار برسوں کے دوران تین برسوں میں کسی ایک ہی مخصوص ضلعے میں خدمت انجام دے رہے ہیں۔ توقع ہے کہ دس اگست کو کمیشن جموں میں انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لے گا اور نئی دلّی واپس آنے سے قبل میڈیا کے ساتھ بات چیت کرے گا۔ سپریم کورٹ نے 11 دسمبر 2023 کو انتخابی کمیشن کو ہدایت دی تھی کہ وہ 30 ستمبر 2024 تک جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کرائے۔x

## Shah Har Ghar Tiranga

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ پہلے سے اور زیادہ جوش وخروش کے ساتھ ہر گھر ترنگا مہم میں حصہ لیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے عوام سے کہا کہ وہ 9 سے 15 اگست کے درمیان اپنے گھروں پر ترنگا لہرائیں۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ وزیراعظم مودی کی ہر گھر ترنگا مہم پچھلے دو سال میں ایک قومی تحریک بن گئی ہے۔ جناب شاہ نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ ترنگے کے ساتھ سیلفی لیں اور اُسے ویب سائٹ harghartiranga.com پر اپلوڈ کریں۔ x

## Rev Somalia Shootout

صومالیہ میں مقامی حکام نے آج تصدیق کی ہے کہ راجدھانی موغادیشو میں سمندر کے کنارے ایک ہوٹل میں خودکش بم حملے اور فائرنگ میں کم از کم 35 افراد ہلاک اور 126 زخمی ہوئے ہیں۔ القاعدہ سے وابستہ مسلح گروپ الشباب نے اپنی تنظیم سے منسوب ایک ریڈیو اسٹیشن کے ذریعے کل Lido Beach پر حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ الشباب کا صومالیہ کے جنوبی اور وسطی حصوں کے ایک بڑے علاقے پر کنٹرول ہے۔

میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے پولیس کے ترجمان Abdifatah Adan Hassan نے کہا ہے کہ سکیورٹی دستوں نے 5 دہشت گردوں کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ ہوٹل میں پھنسے شہریوں کو بحفاظت نکال لیا گیا اور سکیورٹی دستوں نے اُس علاقے میں کھڑی ایک گاڑی میں رکھے دھماکہ خیز مادے کو ناکارہ بنا دیا۔

مزید تحقیقات جاری ہیں۔ صومالیہ کے وزیر اعظم Hasan Ali Khaire نے سوشل میڈیاپر اِس حملے کی مذمت کی ہے اور ہلاک ہونے والوں کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ x

## Middle East

مشرقِ وسطی میں کشیدگی میں اضافے کی ایک اور صورت یہ سامنے آئی ہے کہ اقوام متحدہ میں ایران کے مستقل مشن نے خبردار کیا ہے کہ اسرائیلی کارروائیوں کے خلاف حزب اللہ کی مستقبل کی جوابی کارروائی ممکن ہے کہ صرف فوجی

نشانوں تک محدود نہ ہو۔ یہ بیان بیروت میں اسرائیل کے حالیہ حملوں کے تناظر میں سامنے آیا ہے جس میں رہائشی علاقوں کو نشانہ بنایا گیا ہے اور اس طرح دونوں فریقین کے درمیان ایک غیرتحریر شدہ مفاہمت کی خلاف ورزی ہوئی ہے کہ وہ اپنی اپنی کارروائیوں کو سرحدی علاقوں اور فوجی مقاصد تک ہی محدود رکھیں گے۔ بین الاقوامی مشاہدین اِس بڑھتی ہوئی تشویش کو محسوس کر رہے ہیں کہ حکمت عملی میں یہ تبدیلی امکانی طور پر خطے میں وسیع تر تنازع کو ہوا دے سکتی ہے۔مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC

صورتحال میں رونما ہونے والی تبدیلیوں نے سوئڈن کو احتیاطی اقدامات پر مجبور کیا ہے۔ آج سوئیڈن کے وزیر خارجہ نے بیروت میں اپنے ملک کے سفارتخانے کو عارضی طور پر بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اسرائیل سے منسوب حماس اور حزب اللہ کے لیڈروں کی حال ہی میں ہوئی ہلاکت نے جاری غزہ جنگ کے درمیان علاقائی کشیدگی کو مزید بڑھا دیا ہے۔عدم استحکام کی بڑھتی ہوئی صورتحال کے جواب میں کئی بڑی ایئرلائنز نے اسرائیل اور لبنان کیلئے اپنی پروازیں روک دی ہیں۔

ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## Lebanese PM West Asia

لبنان کے وزیر اعظم نجیب میقاتی نے علاقائی کشیدگی اور تنازعات کے بڑھنے کے امکان پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے فوج کے 79 ویں دن کے موقع پر لبنان کی فوج کے صدر دفتر کے دورے کے موقع پر یہ بات کہی۔ جناب میقاتی نے کہا کہ علاقائی واقعات باعث تشویش ہیں اور خطرہ بڑھنے سے اِن کے ایک خطے سے دوسرے خطے میں پھیلنے کا اندیشہ رہتا ہے۔ اسرائیل اور لبنان کے سرحدی علاقے میں کشیدگی پھیل رہی ہے کیونکہ اسرائیل نے منگل کی شام کو جنوبی بیروت کے مضافاتی علاقے Dahieh میں حزب اللہ کی مجلس شوریٰ کے دفتر کے پاس ڈرون سے تین میزائل داغے تھے۔ اِس حملے میں حزب اللہ کا چوٹی کا ایک کمانڈر فواد شُکر مارا گیا تھا۔ x

## Akashvani Music Concert

آج نئی دلّی میں دو روزہ Akashvani Music Concert - 2024 کا آغاز ہوا۔ یہ Concert آکاشوانی کے رنگ بھون آڈیٹوریم میں منعقد کیا جارہا ہے۔ معروف فنکار اِس میوزک Concert میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ ان میں پنڈت راجیندر پرسنّا اور پنڈت جے تیرتھ Mevundi شامل ہیں۔ پنڈت وشو موہن بھٹ، پنڈت سلیل بھٹ، پنڈت سجن مشرا اور سورانش مشرا جیسے ماہر فنکار کل اپنے اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔

دلّی کے علاوہ Akashvani Music Concert مختلف دیگر شہروں میں بھی الگ الگ تاریخوں میں منعقد کیا جارہا ہے۔ اِن شہروں میں حیدرآباد، پٹنہ، جموں، شیلانگ، امپھال، کٹک، بنگلورو، بھوپال، چنئی اور رانچی شامل ہیں۔

عوامی خدمات کے ایک نشریاتی ادارے کے نظریات پر پوری مضبوطی کے ساتھ اپنی بنیادوں پر قائم آکاشوانی نے بھارت کی ثقافت کو پروان چڑھانے اور اِس کی متنوع ثقافت کی پاسداری میں اہم ترین رول ادا کیا ہے۔x

## Paris Olympics Feast

پیرس اولمپکس میں بھارت کے مکے باز نشانت دیو آج مردوں کے 71 کلو گرام زمرے کے کوارٹر فائنل میں میکسیکو کے Marco Alonso Verde Alvarez کا سامنا کریں گے۔ اگر مکے باز نشانت دیو 71 کلو گرام کے زمرے میں میکسیکو کے کھلاڑی سے جیت جاتے ہیں تو پیرس اولمپک میں بھارت کو چوتھا تمغہ ملنا یقینی ہوجائے گا۔

تیر اندازی کے کوارٹر فائنل میں بھارت کی دیپکا کماری، جنوبی کوریا کی Nam Suheyon سے چار-چھ سے ہار گئیں۔ ایک اور تیر انداز بھجن کور پری کوارٹر فائنل میں انڈونیشیا کی کھلاڑی سے پانچ- چھ سے ہار گئیں۔ اِس کے ساتھ تیر اندازی میں بھارت کی مہم ختم ہوگئی ہے۔

نشانے بازی میں 25 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں منو بھاکر اِس اولمپک میں تمغوں کی ہیٹرک کرنے میں ناکام رہیں اور انھیں کانسے کے دو تمغوں پر اکتفا کرنا پڑا۔

آج بھارت کے گولف کھلاڑی شوبھانکر شرما اور گگن جیت بھُلّر، مردوں کے مقابلے کے تیسرے مرحلے میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ وہیں Nethra Kumanan اور وشنو سروانن، Sailing میں مقابلہ کریں گے۔

## Shekhawat Hospitality Expo

سیر و سیاحت اور ثقافت کے امور کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا ہے کہ سیر و سیاحت ، بھارت کی معیشت کو دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بنانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ گریٹر نوئیڈا میں سیر و سیاحت سے متعلق ساتویں نمائش کی افتتاحیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب شیخاوت نے اِس بات پر زور دیا کہ حکومت سیر و سیاحت اور ہوسپٹیلیٹی کے شعبے کو فروغ دینے کیلئے عہد بستہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہوسپٹلٹی سے متعلق بین الاقوامی نمائش نے گزشتہ چھ برس میں اس صنعت میں بھارت کے ترقی کرنے میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔

جناب شیخاوت نے کہا کہ بھارت میں سیر و سیاحت کے شعبے میں بہت سے مواقع موجود ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ سیاحت کا شعبہ، بھارت کو 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بنانے میں اہم تعاون کرسکتا ہے۔

انھوں نے سب پر زور دیا کہ وہ اقتصادی ترقی میں سیاحت کو ایک قائدانہ قوت بنانے میں اشتراک کریں۔ x

## Ladakh Landslide

لداخ میں آج صبح سویرے کرگل کے Kabaddi Nalla علاقے میں چٹانوں کے ٹکرے کھسکنے سے ایک عمارت منہدم ہوگئی، جس کے نتیجے میں 12 افراد زخمی ہوگئے۔ فوج، لداخ پولیس اور بچاؤ ٹیموں نے فوراً بچاؤ کارروائی شروع کی اور سبھی زخمیوں کو علاج کیلئے کرگل کے ضلع اسپتال پہنچایا گیا۔ کرگل کے ڈپٹی کمشنر Balasab Suse نے اعلان کیا کہ اِس واقعے کی تحقیقات کیلئے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔ کرگل کے ریوینو سے متعلق ایڈیشنل کمشنر کی جانب سے انکوائری کی جا رہی ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆